PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: " صحت کی دیکھ بھال

## "ویکسینیشن اور خاندانی منصوبہ بندی"

## 71 % پاکستانیوں کے مطابق پولیو کے قطرے پلانا بہت زیادہ ضروری ہے، 4 % کے مطابق پولیو کے قطرے پلانا بالکل بھی ضروری نہیں ہے:

## گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن، گیلپ پاکستان

اسلام آباد، 24 اگست، 2016


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 71% پاکستانیوں کے مطابق بچوں کو پولیو کے قطرے پلانا بہت ضروری ہے، جبکہ 4% افراد کے مطابق پولیو کے قطرے پلانا بالکل بھی ضروری نہیں ہے۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب مردوخواتین سے یہ سوال پوچھا گیا کہ **"آپ کے خیال میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانا کس حدتک ضروری ہے، بہت ضروری ہے، کسی حد تک ضروری ہے یا بالکل ضروری نہیں ہے؟"**، اس سوال کے جواب میں 71% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ پولیو کے قطرے پلانا بہت ضروری ہے، 24% افراد نے کہا کسی حدتک ضروری ہے، جبکہ 4% افراد نے کہا پولیو کے قطرے پلانا بالکل ضروری نہیں ہے، تاہم 1% افراد اس کے بارے میں نہیں جانتے یا اُنہوں نے جواب نہیں دیا۔


دیہی اور شہری علاقوں کے نتائج کے مطابق شہری علاقوں میں رہنے والے افراد پولیو کے قطرے پلانے کو کم اہمیت دیتے ہیں۔ 73% دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد اور 67% شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کے مطابق بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کی بہت ضروری ہے۔ دیہی اور شہری علاقوں کے درمیان 6% کا فرق ہے۔

یہی سوال گزشتہ سالوں میں بھی پوچھا گیا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ 2002 میں 87% پاکستانیوں کے مطابق بچوں کو پولیو کے قطرے پلانا ضروری ہے۔ لیکن اس کے بعد 2002 کے مقابلے میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانا ضروری سمجھنے والے پاکستانیوں کی شرح میں 10% کمی واقع ہوئی ہے، 2014 میں 74% پاکستانی بچوں کو پولیو کے قطرے پلانا ضروری سمجھتے تھے 2015 اور 2016 میں اس کی شرح 71% پائی گئی۔ ملک بھر میں غیر متوقع طور پر پولیو کے واقعات میں حالیہ اضافہ قابل غور ہے۔ ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ 2015 اور 2016 میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانا ضروری سمجھنے والے پاکستانیوں کی شرح یکساں رہی ہے، جوکہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ حکومت کی جانب سے پولیو ویکسین کے بارے میں آگاہی کے حوالے سے کتنی کم پیش قدمی کی گئی ہے۔

"آپ کے خیال میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانا کس حدتک ضروری ہے، بہت ضروری ہے، کسی حدتک ضروری ہے یا بالکل ضروری نہیں ہے؟"




*Source: Gilani Research Foundation Poll (GRF Poll)*
*Field work conducted by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی اور شہری آبادی کے 1813 مردوخواتین سے 13 جون 2016 تا 20 جون 2016 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday August 24, 2016**
*(2 Pages including this only Urdu version)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

Daily Gilani Poll
2016

celebrating 36 years
of Gallup Pakistan
(1980-2016)